
15

# آؤ بنائیں برتن

ایک تھی چڑیا، نام تھا پھدگدی ۔ایک تھا کوّا، نام تھا بھناتے ۔ دونوں میں گہری دوستی تھی ۔ایک دن بھناتے نے کہا، ارے او پھدگدی! اگر تو نے انڈے دیئے تو میں کھاؤں گا اور اگر میں نے پہلے انڈے دیئے تو تو کھا لینا۔قبول؟



پھدگدی بولی۔قبول۔

کچھ دن بعد پھدگدی نے انڈا دیا۔ بھناتے بولا، دے دے انڈا، کھاؤں انڈا، دے دے، دے دے، دے دے۔

پھدگدی گئی ڈر۔ بولی، بھائی ٹھیک ہے، پر پہلے چونچ دھوآؤ ندی میں۔

بھناتے گئے ندی کے کنارے بولا، اے ندی!

ندی بولی، کیا بھائی بھناتے؟

بھناتے بولا، ندی-ندی پانی دے دے۔

ٹھنڈا پانی لاؤں گا،
چونچ دھوکر آؤں گا،
پھر میں انڈا کھاؤں گا،


ندی بولی۔ پانی بھرے گا کیسے؟ کلھڑ تو لا۔

بھناتے گیا کمہار کے پاس۔ بولا، رے کمہار!



کمہار بولے۔ کیا بھائی بھناتے؟

بھناتے بولا۔ مجھے ایک کلہڑ دے دے



کلہڑ لے کر جاؤں گا،
ٹھنڈا پانی لاؤں گا،
چونچ دھو کر آؤں گا،
پھر میں انڈا کھاؤں گا۔

کمہار بولا۔ کلہڑ بنے کیسے؟ پہلے لا مٹی کھدان سے۔

بھناتے گیا، مٹی کی کھدان پر۔ بولا، رے مٹی کھدان!

مٹی — کھدان بولا، کیا بھائی بھناتے؟

بھناتے بولا۔ مٹی کھدان مجھے مٹی دے دے۔



مٹی لے کر جاؤں گا،
کلہڑ میں بنواؤں گا،
ٹھنڈا پانی لاؤں گا،
چونچ دھو کر آؤں گا،
پھر میں انڈا کھاؤں گا،

مٹی کھدان بولا۔ کھودیں مٹی کیسے؟ پہلے لا کھرپی لوہار سے۔



بھناتے گیا لوہار کے پاس۔ بولا، رے لوہار!

لوہار بولا۔ کیا بھائی بھناتے؟

بھناتے بولا۔ لوہار مجھے ایک کھرپی دے دو



کھرپی لے کر جاؤں گا،
مٹی میں کھدواؤں گا،
کلہڑ میں بنواؤں گا،
ٹھنڈا پانی لاؤں گا،
چونچ دھو کر آؤں گا،
پھر میں انڈا کھاؤں گا۔

لوہار بولا۔ لے لے کھرپی پیار سے، پر لانا واپس یاد سے۔

کھرپی لے کر بھناتے گیا کھدان پر۔ چکنی مٹی کھودی اور کمہار کو دی۔ کمہار نے کلہڑ بنایا۔ کوئے نے اس میں پانی بھرا اور دھو لی اپنی چونچ۔ پھر دوڑ لگائی پھدگدی کا انڈا کھانے۔

اس بیچ پھدگدی چڑیا کا انڈا پھوٹ کر چوزہ باہر آ گیا تھا اور بچہ پُھر ہو گیا تھا۔ بھناتے کوئے کی پہنچ سے بہت دور!



(انپورنا سنہا کے ذریعے بھوجپوری میں تخلیق کی گئی کہانی کا اُردو ترجمہ)

اس کہانی پر ڈرامہ کرنے سے بچوں کو بہت لطف آئے گا۔ اور کاموں کی ترتیب سمجھنے میں بھی مدد ملے گی۔ بچوں کو اپنے تخلیقی خیالوں کو بیان کرنے کے پورے مواقع فراہم کریں۔ ایسی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی ترغیب دیں۔

© NCERT not to be republished


* کوئے کو کلہڑ کی ضرورت کیوں پڑی؟

* ایک کلہڑ بنانے میں کن کن لوگوں نے کوئے کی مدد کی؟

* کلہڑ بنانے کے لئے کمہار کو کس کس سامان کی ضرورت پڑی؟

* کیا تمہارے گھر میں مٹی کے برتن ہیں؟ کون کون سے؟

اگر تمہیں کوئی چکنی مٹی دے تو کیا تم کوئی برتن بنا پاؤ گے؟




## مٹی کا لڈّو، لڈّو سے کٹوری!

چکنی مٹی کو گوندکر ایک بڑا سا لڈّو بناؤ، اس لڈّو میں گڈھا بنا کر اسے کٹوری جیسا بناؤ۔ اپنی کٹوری کو سکھاؤ اور سجاؤ۔ اپنے شوق کی چیزیں رکھو۔

© NCERT not to be republished

## * مٹی کا سانپ، سانپ کا برتن




چکنی مٹی کو پانی سے گوندھ لو۔ تھوڑی مٹی کو پانی میں گھول کر الگ رکھ لو۔ یہ گھول مٹی کے دو ٹکڑوں کو آپس میں جوڑنے کے کام آئے گی۔

گندھی ہوئی مٹی کا کچھ حصہ لے کر اسے موٹی روٹی کی طرح چپٹا کر لو۔ یہ برتن کا تلا بن گیا، باقی گندھی ہوئی مٹی کو سانپ جیسا لمبا بنا لو۔

تصویر میں دیکھو اور اسی طرح سانپ کو تلے پر چپکا کر برتن بناؤ۔

## * مٹی کی روٹی، روٹی کا برتن




تصویر کو دیکھ کر اس طرح سے برتن بناؤ۔



* اگر ان برتنوں میں پانی ڈال کر رات بھر رکھو تو کیا ہوگا؟
* ہم اپنے گھر یا اسکول میں مٹکے میں پانی رکھتے ہیں، وہ مٹکا پانی سے گل کیوں نہیں جاتا؟
* کیا تم نے کبھی اینٹ یا برتنوں کو بھٹی میں پکاتے دیکھا ہے؟

مٹی سے برتن بناتے ہوئے کپڑے تو ضرور گندے ہوں گے مگر بچوں کو خود کر کے سیکھنے میں لطف آئے گا، خوشی ہوگی۔

© NCERT not to be republished



* سوچو کہ بہت سال پہلے جب برتن نہیں تھے، تب لوگ کیا کرتے تھے؟
* لوگوں نے برتن کیوں بنائے ہوں گے؟



مان لو، ایک دن دنیا سے سارے برتن غائب ہو جائیں، تو تمہارے گھر میں کیا ہوگا؟

## جانتے ہو؟

بہت، بہت، بہت سال پہلے ایک وقت ایسا تھا جب لوگوں کے پاس برتن ہی نہیں تھے۔ لیکن لوگوں کو کھانے پینے کی چیزوں کو پکانے کی اور رکھنے کے لئے برتن کی ضرورت پڑنے لگی۔ کافی کوشش کرنے کے بعد دماغ پر زور دینے کے بعد لوگ برتن بنانا سیکھ گئے۔ شروع میں بنائے گئے برتن پتھر اور مٹی کے تھے۔ ہاتھوں سے پتھروں کو کھود کر یا کرید کر اور مٹی کو گوندھ کر، ہاتھوں سے یہ برتن بنائے گئے تھے۔ لوگوں نے یہ بھی دریافت کر لیا کہ مٹی کے برتنوں کو مضبوط بنانے کے لئے اُنہیں آگ میں پکانا چاہیے۔

© NCERT not to be republished